**Shabbir / Fazil**

**05-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلی میں فن لینڈ کے صدر Alexander Stubb کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

2- 10 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔

3 - نیپال میں نئی پارلیمنٹ منتخب کرنے کیلئے پولنگ شروع ہوگئی ہے۔

4- امریکی سینیٹ نے ایران کے خلاف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی فوجی کارروائی کی حمایت کی ہے۔

5- رائے سینا مذاکرات آج نئی دلی میں شروع ہو رہے ہیں۔

6- اور مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں آج شام ممبئی میں دوسرے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Finland Prez Meeting

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور فن لینڈ کے صدر الیگزینڈر اسٹب آج مختلف شعبوں میں دو طرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کیلئے بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنما باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے، جن میں کثیر جہتی فورمز میں تعاون شامل ہے۔ توقع ہے کہ مذاکرات کے بعد کئی مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا جائے گا ۔ وزیرِ اعظم معزز مہمان کے اعزاز میں ظہرانے کا بھی اہتمام کریں گے۔

صدر اسٹب بھارت کے چار روزہ سرکاری دورے پر کل نئی دہلی پہنچے۔ اُن کا استقبال امورِ خارجہ کے وزیرِ مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے کیا۔ ہوائی اڈے پر صدر اسٹب کو باضابطہ استقبالیہ اور گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Anupam Mishra

یہ بطور صدر ان کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔ وہ آج راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے۔ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھی معزز مہمان سے ملاقات کریں گے۔ صدر اسٹب آج شام نئی دلی میں 11ویں رائے سینا مذاکرات 2026 میں مہمانِ خصوصی ہوں گے اور کلیدی خطبہ پیش کریں گے۔

بھارت اور فن لینڈ کے درمیان پُرجوش، دوستانہ اور مشترکہ جمہوری اقدار پر مبنی تعلقات ہیں۔ یوروپی یونین اور نارڈک خطے میں فن لینڈ بھارت کا ایک اہم شراکت دار ہے۔

پچھلے مہینے فن لینڈ کے وزیرِ اعظم Petteri Orpo کے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ میں شرکت کی غرض سے بھارت کے دورے کے بعد صدر اسٹب کا یہ دورہ مختلف شعبوں میں دونوں ممالک کے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے اور عوام سے عوام کے رابطے کو وسعت دینے کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

فن لینڈ کے صدر نئی دلی میں اپنی مصروفیات مکمل کرنے کے بعد ممبئی کا بھی دورہ کریں گے۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......................

Rev.RS Nominations

10 ریاستوں میں، راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی۔ امیدوار 9 مارچ تک اپنا پرچہ واپس لے سکتے ہیں۔ اِن سیٹوں کیلئے 16مارچ کو پولنگ ہوگی اور اسی روز نتائج کا اعلان بھی کیا جائے گا۔x

Rev.Nepal Polling

نیپال میں پارلیمانی انتخابات کیلئے رائے دہی کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ یہ ستمبر میں نوجوانوں کی قیادت والے مظاہروں کے بعد پہلے انتخابات ہیں۔ اِن مظاہروں میں 77 لوگوں کی موت ہو گئی تھی اور حکومت کو استعفیٰ دینا پڑا تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sweta Singh

نیپال میں، ایوانِ نمائندگان کیلئے واحد مرحلے میں ملک گیر ووٹنگ سبھی 77 ضلعوں میں صبح 7 بجے شروع ہوئی، جو شام پانچ بجے تک جاری رہے گی۔ مجموعی طور پر 65 سیاسی جماعتیں انتخابی میدان میں ہیں۔ رائے دہندگان کی جانب سے پہلی پسند چُننے کے First Past the Post نظام کے تحت 3 ہزار 17 مرد امیدوار، جبکہ 388 خواتین امیدوار اور ایک دیگر انتخابی دوڑ میں ہیں۔ اس طرح امیدواروں کی مجموعی تعداد 3 ہزار 406 ہو جاتی ہے۔ اس دوران

تناسب کے اعتبار سے نمائندگی کے نظام کے تحت 3 ہزار 135 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں، جس میں ایک ہزار 363 مرد اور ایک ہزار 772 خواتین ہیں۔

کاٹھمنڈو سے شویتا سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

US Senate Iran

امریکی سینیٹ نے ایران کے خلاف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی فوجی مہم کی حمایت کی ہے۔ سینیٹرز نے کل رات دو جماعتی قرارداد کو آگے بڑھانے سے روکنے کے حق میں ووٹ دیا، جس کا مقصد کانگریس کی منظوری کے بغیر موجودہ فوجی کارروائی کو بند کرنا تھا۔ سینیٹ میں 53 کے مقابلے میں 47 ووٹوں سے قرارداد کو آگے نہ بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ ووٹنگ زیادہ تر پارٹی وابستگی کی بنیادوں پر ہوئی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Ashish

مشرقِ وسطیٰ میں ٹرمپ کی جانب سے فوجی اثاثوں کی تعیناتی اور ایران پر امریکی و اسرائیلی حملوں کے حوالے سے بحث کا مرکز یہ رہا ہے کہ آیا ٹرمپ ملک کو عراق اور افغانستان جیسے ایک اور لامتناہی جنگ میں جھونک رہے ہیں یا نہیں۔

قرارداد کے مخالفین نے اس موقف کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کی کارروائی قانونی ہے اور بطور کمانڈر اِن چیف انہیں امریکہ کے تحفظ کے لیے محدود حملوں کا حکم دینے کا اختیار حاصل ہے۔

یہ ووٹنگ ایسے وقت میں ہوئی ہے جب ڈیموکریٹس میں بڑھتی ہوئی ناراضی پائی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ٹرمپ جنگ جیسے معاملات میں کانگریس کو مسلسل نظر انداز کر رہے ہیں۔ صدر کے طور پر ٹرمپ کی دوسری مدتِ کار کے دوران امریکی فوج قانون سازوں کی اجازت کے بغیر سات دیگر ممالک میں بھی کارروائیاں کر چکی ہے۔

جنگی اختیارات سے متعلق قرارداد، جو 1973 میں ویتنام جنگ کے بعد منظور کی گئی تھی، اسی نوعیت کی یکطرفہ صدارتی کارروائیوں کو محدود کرنے کے لیے وضع کی گئی تھی۔ اس کے تحت صدر پر لازم ہے کہ وہ امریکی افواج کو کسی بھی جنگی کارروائی میں شامل کرنے کے 48 گھنٹے کے اندر کانگریس کو مطلع کریں۔ اس قانون کے مطابق افواج کسی تنازع میں کانگریس کی جنگی منظوری یا فوجی طاقت کے مخصوص اختیار کے بغیر 60 دن سے زیادہ موجود نہیں رہ سکتیں، تاہم 30 دن کی اضافی مہلت دی جا سکتی ہے۔ یہ قانون کانگریس کے کسی بھی رکن کو یہ حق بھی فراہم کرتا ہے کہ وہ امریکی افواج کی واپسی کے مطالبے پر ووٹنگ کروانے کے لیے قرارداد پیش کرے۔

آشیش پی اَبراہم کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......................

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

West Aisa Conflict

مغربی ایشیا میں تنازع مزید شدت اختیار کر گیا ہے۔ اسرائیلی دفاعی فورسز IDF نے ایران کے بیلسٹک میزائل نظام سے متعلق درجنوں تنصیبات کو تباہ کر دیا ہے۔ ان میں میزائل لانچر اور دفاعی نظام بھی شامل ہیں جو اس علاقے میں تعینات تھے اور اسرائیل کی فضائیہ کے طیاروں کے لیے خطرہ سمجھے جا رہے تھے۔

اسی دوران امریکی فضائیہ ایران کے اندر بڑے پیمانے پر فضائی حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔ امریکی سینٹرل کمان کے مطابق امریکی افواج نے ایران کے 20 سے زیادہ بحری جہازوں کو نشانہ بنایا یا انھیں غرق کر دیا ہے، جن میں ایک سلیمانی طرز کا جنگی جہاز بھی شامل ہے جسے امریکہ نے کل نشانہ بنایا تھا۔

امریکہ نے آپریشن Epic Fury کے دوران پہلی مرتبہ طویل فاصلے تک مار کرنے والے اور زیادہ درستگی کے ساتھ حملہ کرنے والے میزائل بھی استعمال کیے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل، ایران کے خلاف جنگ میں، مضبوط پوزیشن میں ہیں اور وہ اسلامی جمہوریہ کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تہران کے بیلسٹک میزائلوں کا ذخیرہ تیزی سے ختم کیا جا رہا ہے۔

ادھر متحدہ عرب امارات کی وزارتِ دفاع کے مطابق اس کے فضائی دفاعی نظام نے تین بیلسٹک میزائلوں کو کامیابی سے روکا۔ اِس کے علاوہ 129 ڈرونز کا پتہ لگایا گیا جن میں سے 121 کو مار گرایا گیا جبکہ 8 ڈرون ملک کے اندر گر گئے۔

قطر کی وزارتِ داخلہ نے بتایا ہے کہ متعلقہ حکام نے احتیاطی اقدام کے طور پر امریکی سفارتخانے کے قریب رہنے والے افراد کو عارضی طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کردیا ہے۔ عوام کی سلامتی کیلئے مناسب رہائش کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔

سعودی عرب نے بھی کہا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے Al-Kharj Governorate کے مشرقی علاقے میں تین ڈرونز کو تباہ کر دیا، جبکہ اس سے قبل تین کروز میزائلوں کو شہر کے باہر ہی تباہ کر دیا گیا تھا۔

اسی طرح بحرین کی وزارتِ داخلہ کے مطابق کارروائیوں کے بندوبست کے ڈائریکٹر نے خلیج تعاون کونسل کے ممالک کے ہنگامی اور بحران انتظامیہ کے حکام اور آپریشن رومز کے نمائندوں کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد کیا۔ دوسری جانب ایران بھی خطے میں اپنی فضائی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔x

Maha West Asia

تنازعے سے متاثرہ مغربی ایشیا میں پھنسے ہوئے مہاراشٹر کے شہریوں کی وطن واپسی شروع ہوگئی ہے۔ دبئی میں پھنسے ہوئے پُنے ضلع سے تعلق رکھنے والے 140 افراد میں سے 111 بحفاظت پونا پہنچ چکے ہیں۔ ضلع کلکٹر جتیندر ڈوڈی نے بتایا کہ 19 شہریوں کی پرواز کے اوقات میں تبدیلی کی گئی ہے، جبکہ بقیہ 54 افراد کو ملک واپس لانے کی کوششیں جاری ہیں۔ کولہاپور ضلع میں بھی 23 افراد بحفاظت گھر پہنچ گئے ہیں، جبکہ 80 اور لوگوں کے کل دبئی سے کولہاپور پہنچنے کا امکان ہے۔

اِس دوران لاتور ضلع کے رہنے والے 23 افراد اب بھی خلیجی ملکوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ وزیرِاعلیٰ دیویندر فڈنویس نے قانون ساز کونسل میں یقین دلایا کہ مہاراشٹر کے پھنسے ہوئے تمام شہریوں کو بحفاظت واپس لایا جائے گا۔x

Air India Advisory

ایئر انڈیا نے اعلان کیا ہے کہ مغربی ایشیا کے موجودہ حالات کے پیشِ نظر بڑھتی ہوئی مانگ کو مدنظر رکھتے ہوئے Toronto، فرینکفرٹ اور پیرس کیلئے اضافی پروازیں چلائی جائیں گی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ایئر انڈیا نے بتایا کہ آج سے اِس ماہ کی 11 تاریخ تک دلّی اور ٹورنٹو کے درمیان 3 اضافی پروازیں چلائی جائیں گی۔

اِس دوران ایئر انڈیا ایکسپریس نے کہا ہے کہ وہ ہفتے کے روز تک متحدہ عرب امارات کے شہر رأس الخیمہ سے دلّی، کوچی اور ممبئی کیلئے خصوصی پروازیں چلائے گی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ایئر انڈیا ایکسپریس نے مزید بتایا کہ مسقط کے لیے آنے جانے والی پروازیں آج بھی جاری رہیں گی، جبکہ مسقط اور دلّی، نیز مسقط اور ممبئی کے درمیان اضافی پروازیں بھی چلائی جائیں گی۔x

MEA Special Control Room

وزارتِ خارجہ نے مغربی ایشیا اور خلیجی خطے میں موجودہ صورتحال کے پیش نظر ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ کنٹرول روم سے صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک ٹول فری نمبر:   ایک آٹھ صفر صفر، ایک ایک، آٹھ سات، نو سات پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ اِن نمبروں پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ نمبرس ہیں:

صفر ایک ایک،   دو تین صفر ایک،   دو ایک ایک تین

صفر ایک ایک،   دو تین صفر ایک،   چار ایک صفر چار

اور

صفر ایک ایک،   دو تین صفر ایک، سات نو صفر پانچ

اِس کے علاوہ بھارتی سفارتخانوں نے تنازعہ والے خطے میں حفاظتی اقدامات اور ممکنہ انخلاء میں تعاون فراہم کرنے کیلئے 24 گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والی ایمرجنسی ہیلپ لائنز شروع کی ہیں۔ x

Raisina Dialogue

عالمی سیاست اور عالمی معیشت پر بھارت کی فلیگ شپ کانفرنس، رائے سینا مذاکرات کا گیارہواں ایڈیشن آج نئی دلّی میں شروع ہوگا۔ یہ تین روزہ کانفرنس، اہم بین الاقوامی معاملات اور اسٹریٹیجک اشتراک پر غور و خوض کیلئے عالمی رہنماؤں، پالیسی سازوں اور ماہرین کو یکجا کرے گی۔ 2026 کے رائے سینا مذاکرات کا تھیم ہے ''Samskara ، دعویٰ، مطابقت، جدّت طرازی'' جو موجودہ عالمی تحریک کی عکاسی کرتا ہے۔ اس رائے سینا مذاکرات کا انعقاد آبزرور ریسرچ فاؤنڈیشن، وزارتِ خارجہ کے ساتھ ملکر کر رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Priya

سال 2016 میں شروع ہوئے سالانہ رائے سینا مذاکرات، بین الاقوامی معاملات پر غور و خوض کیلئے بھارت کا سرکردہ پلیٹ فارم بن کر اُبھرے ہیں۔ برسوں کے دوران اِن مذاکرات میں بدلتی عالمی سیاست کی صورتحال، آب و ہوا سے متعلق تشویش، ٹکنالوجی میں بدلاؤ، معاشی استحکام اور عالمی حکمرانی کے فریم ورک کے مستقبل پر وسیع تر تبادلۂ خیال ہوئے۔ یہ فورم، بین الاقوامی نظام کو ترتیب دینے والے معاملات پر مباحثے اور تعاون کا پلیٹ فارم بن گیا ہے۔ کانفرنس میں متعدد غیر ملکی شخصیات کی شرکت کا امکان ہے۔ وزارتِ خارجہ نے تصدیق کی ہے کہ دنیا بھر سے کئی اعلیٰ سطحی وفود رائے سینا مذاکرات 2026 میں شرکت کریں گے۔ اس کیلئے بھوٹان کے وزیر خارجہ Lyonpo Dina Nath Dhungyel کل بھارت پہنچ گئے ہیں۔

وہیں بھارت کے سرکاری دورے پر آئے ہوئے فِن لینڈ کے صدر الیگزنڈر Stubb ، رائے سینا مذاکرات میں مہمانِ خصوصی اور کلیدی مقرر کے طور پر شرکت کریں گے۔ امریکی وفد کی قیادت کرنے والے نائب وزیر خارجہ کرسٹوفر Landau، مذاکرات میں امریکہ کی نمائندگی کریں گے۔

نئی دلّی سے پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

VP Karnataka Visit

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن آج کرناٹک کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب رادھا کرشنن بیلگاوی ضلع میں سری وینکٹیشور مندر میں Rajagopuram Kalasharohan اور Mahakumbhabhishekam تقریب کے افتتاح کے موقع پر بطورِ مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔x

J&K Infiltration Bid

جموں و کشمیر کے پُنچھ ضلعے کے بھمبر گلی علاقے میں لائن آف کنٹرول پر منگل کے روز علی الصبح قابلِ اعتبار انٹیلی جنس معلومات اور لگاتار نگرانی کی بدولت دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش کو ناکام کر دیا گیا۔ دفاعی ترجمان نے بتایا کہ فوج کی وہائٹ نائٹ کورپس کے چوکس دستوں نے علاقے میں مشتبہ نقل و حرکت کا پتہ لگایا اور فوری کارروائی کرتے ہوئے دراندازوں کو للکارا اور لائن آف کنٹرول کی خلاف ورزی کو کامیابی سے روک دیا۔ موقعے پر تال میل بھری اس کارروائی میں اس بات کو یقینی بنایا کہ سرحد عبور کرنے کی دشمن کی کوشش کامیاب نہ ہو سکے۔ علاقے میں مربوط زمینی اور فضائی نگرانی بڑھا دی گئی ہے اور اسی طرح کی مزید کوششوں سے نمٹنے کیلئے پورے سیکٹر کو الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ لائن آف کنٹرول اور متصلہ علاقوں کی حفاظت کیلئے سلامتی دستے اپنے مضبوط کارروائی جاتی طریقۂ کار کے ساتھ مستعد ہیں۔x

Congo Landslide

جمہوریہ کانگو کے مشرقی علاقے میں واقع Coltan کانکنی علاقے میں مٹی کے تودے کھسکنے کے ایک بڑے حادثے میں ہلاکتوں کی تعداد 200 سے زیادہ ہوگئی ہے، جن میں تقریباً 70 بچے بھی شامل ہیں۔

مٹی کے تودے کھسکنے کا یہ واقعہ شدید بارشوں کے سبب منگل کے روز Rubaya کان کنی کے علاقے میں پیش آیا، جو North Kivu صوبے میں واقع ہے۔ اس حادثے کے نتیجے میں کان کن، کھانے پینے کی اشیاء بیچنے والے افراد اور دیگر چھوٹے تاجر ملبے کے نیچے دب گئے۔

ہلاک ہونے والوں میں زیادہ تر دستکاری یا غیر رسمی کان کن شامل تھے جو اس کان میں کولٹان نکالنے کا کام کرتے تھے۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے ساحلی آندھرا پردیش، گجرات اور شمالی کونکن کے علاقوں میں آج گرمی کے موسم اور حبس کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے جمعے کے روز تک اِن علاقوں میں اسی طرح کے حالات برقرار رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ ملک کے شمال مغربی خطے کے زیادہ تر علاقوں میں ہفتے کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں چار سے چھ ڈگری سیلسیس کے اضافے کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے کے مطابق ملک کے وسطی علاقوں میں دو سے تین دن کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا بتدریج اضافہ ہوسکتا ہے۔x

Cricket T20 WC

مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ کے دوسرے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ شام 7 بجے ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

اس سے قبل کل کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل مقابلے میں نیو زیلینڈ نے فِن ایلن کی سنچری کی بدولت، جنوبی افریقہ کو نو وکٹ سے شکست دے دی۔ یہ میچ کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں کھیلا گیا۔ جنوبی افریقہ کے 170 رن کا تعاقب کرتے ہوئے نیو زیلینڈ نے ایک وکٹ کے نقصان پر 12 اوورس اور پانچ گیند میں یہ نشانہ حاصل کر لیا۔

نیو زیلینڈ نے ٹاس جیت کر گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ جنوبی افریقہ کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 169 رن ہی بنا سکی۔ فِن ایلن کو ان کی شاندار کارکردگی کی وجہ سے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج کے میچ کی فاتح ٹیم کا فائنل مقابلہ اتوار کو نیو زیلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔×

Badminton

آل انگلینڈ بیڈمنٹن چیمپئن شپ 2026 میں دوسرے دن کے کھیل میں ستوک سائی راج رنکی ریڈی، چراغ شیٹی، روہن کپور Ruthvika Gadde اور آیوش شیٹی کی جوڑی ہار گئی۔ یہ میچ کل برمنگھم میں کھیلا گیا۔

مکسڈ ڈبلز کے زمرے میں کم درجہ بندی کے حامل کھلاڑی Kang Khai Xing اور ملیشیاء کے ارون تائی سے میچ کے 42 ویں منٹ میں اکیس-تیئیس، بارہ-اکیس کے سیدھے سیٹوں سے ہار گئے۔ اسی طرح سے مکسڈ ڈبلز کے کھلاڑی روہن کپور اور رُتھویکا Gadde فرانس کے مکسڈ ڈبلز کی جوڑی Thom Gicquel اور ڈالفِن Delrue سے سیدھے سیٹوں میں بارہ-اکیس، پندرہ-اکیس سے ہار گئے۔ بعد میں آیوش شیٹی دنیا کے 14 ویں نمبر کے کھلاڑی علوی فرہان سے اکیس-انیس، نو-اکیس، سترہ-اکیس سے ہار گئے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسعد اللہ

شکریہ - ضمیر

ہولی کی تعطیل کے مدنظر آج اخبارات شائع نہیں ہوئے تاہم مختلف اخبارات کی ویب سائٹس سے تازہ خبریں کچھ اس طرح سے ہیں: ایران میں تازہ ترین حالات پر ٹائمز آف انڈیا نے لکھا ہے کہ امریکہ کے سینیٹ نے ایران

کے خلاف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی فوجی کارروائی کی حمایت کی۔ دی ہندو نے لکھا ہے کہ سعودی عرب نے تین میزائلوں کو روک دیا، اسرائیل کی وارننگ کے بعد حزب اللہ کے گڑھ، بیروت میں فضائی حملہ۔

The Pioneer نے لکھا ہے کہ مغربی ایشیاء کے حالات پر پٹن نے سعودی ولی عہد سے بات چیت کی۔

ہندوستان ٹائمز کی شہ سرخی ہے: نیپال میں Gen-Z تحریک کے بعد پہلے انتخابات میں 275 سیٹوں اور 18 اعشاریہ 9 ملین رائے دہندگان کے ساتھ نیپال کا مستقبل داؤں پر۔×

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلی میں فن لینڈ کے صدر Alexander Stubb کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

2- 10 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔

3 - نیپال میں نئی پارلیمنٹ منتخب کرنے کیلئے پولنگ شروع ہوگئی ہے۔

4- امریکی سینیٹ نے ایران کے خلاف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی فوجی کارروائی کی حمایت کی ہے۔

5- رائے سینا مذاکرات آج نئی دلی میں شروع ہو رہے ہیں۔

6- اور مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں آج شام ممبئی میں دوسرے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------